اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت امام اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسَمّٰی بنامِ تاریخی

اَلمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند

حضرتِ علامہ مولانا محمد مصطفٰے رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلۡمَدِیۡنَۃُ الۡعِلۡمِیّۃ

سنِ طباعت: 12 جُمادَی الاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مَکۡتَبَۃُ الۡمَدِیۡنہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

E.mail:ilmia26@dawateislami.net

E.mail.maktaba@dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

توکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: توکُّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد علی الاسباب کا ترک ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۴ ص۳۷۹) **یعنی** اسباب ہی کی چھوڑ کر دنیا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

ایک نَمازی کی اصلاح

ایک صاحب کو میں نے دیکھا کہ حالتِ رکوع میں پشت بالکل سیدھی اور مُنھ اُٹھائے تھے جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو پوچھا گیا: ''یہ آپ نے کیسا رکوع کیا؟ حکم تو یہ ہے کہ گردن نہ اتنی جھکاؤ جیسے بھیڑ اور نہ اتنی اٹھاؤ جیسے اونٹ۔'' وہ صاحب کہنے لگے کہ منہ اس وجہ سے اٹھالیا تھا کہ سمتِ قبلہ سے نہ پھر جائے۔ میں نے کہا تو آپ **سجدہ** بھی ٹھوڑی پر کرتے ہوں گے۔ اُن کی سمجھ میں بات آ گئی اور آئندہ کے لئے **اِصلاح** ہوگئی۔

عورت کا تنہا حج کو جانا کیسا؟

عــــرض: حضور ایک بی بی تنہا حج کرنا چاہتی ہیں اور سفرِ خرچ قلیل (یعنی تھوڑا) اور خود علیل (یعنی بیمار) اس صورت میں کیا حکم ہے؟

ارشاد: عورت کو بغیر محرَم حج کو جانا جائز نہیں۔

(رد المحتار علی الدر المختار، کتاب الصلاۃ، مطلب فی قولھم یقدم حق العبد علی حق الشرع، ج۳، ص ۵۳۱)

سرکار (صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم) کو خداوندِ عرب کہنا کیسا؟

عرض: حضورِ اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو ''اے خداوندِ عرب'' کہہ کر ندا کرسکتے ہیں؟

ارشاد: کرسکتے ہیں۔ خداوندِ عرب کے معنیٰ ''مالکِ عرب''۔

عَجَم اور عَرَب کے معنٰی

عرض: حضورِ والا ''عجم'' کے معنیٰ ''بے پڑھی ولایتیں''؟

ارشاد: '' گونگی زبان'' اور ''عرب'' کے معنیٰ ''تیز زبان''۔

اولیاءُ اللہ کا ایک وقت میں متعدّد جگہ موجود ہونا

عرض: حضور! اولیا ایک وقت میں چند جگہ حاضر ہونے کی قوت رکھتے ہیں؟

ارشاد: اگر وہ چاہیں تو ایک وقت میں دس ہزار شہروں میں **دس ہزار جگہ** کی دعوت قبول کرسکتے ہیں۔